یا اللہ جل جلالہ　　**بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم**　　یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ جل جلالہ　محمد صلی اللہ علیہ وسلم　چار یار رضی اللہ عنہم　حاجیؒ　خواجہؒ　قطبؒ　فریدؒ

نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِيۡبٌ　مدد کن یا خواجہ خدایار پیرؒ

# سلوک وتصوف کا عملی دستور برائے مبتدی سالکین وطالبین

1۔اس درودشریف کواپنے تمااوقات کا وظیفہ بنائیں۔ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّعَلیٰ آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ**

## تزکیہ نفس وتصفیہ قلب وباطن کیلئے

2۔ روزانہ نماز عصر کے بعد 100 بار یہ استغفار پڑھیں۔اول وآخر درود شریف کے ساتھ۔ **اَسۡتَغۡفِرُاللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ۔**

3۔ روزانہ نماز عصر کے بعد 121 باراول وآخر درود شریف کے ساتھ یہ پڑھیں۔

**لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ لَا مَلۡجَاً وَّلَا مَنۡجَاً مِنۡہُ اِلَّا اِلَیۡہِ　یااللہ جَلَّ جَلَالُہٗ** کا تصوراوروظیفہ

4۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد سونے سے پہلے اول وآخر درود شریف کے ساتھ یاا للّٰہُ 2987 بار پڑھیں۔گھر میں یاا للّٰہُ کا نقش رکھیں اوردل ونگاہ میں ہروقت یااللہ کا نقش جمائے رکھیں اور کتاب اسرار معرفت کا مطالعہ کریں۔

5۔ **یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا کَرِیۡمُ یَا غَفُوۡرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہ** ۔اسے روزانہ کسی بھی وقت 100 بار پڑھیں۔

## لطائف ستہ کی بیداری اورسلطان الاذکار کے حصول کیلئے ذکر نفی اثبات کے اوقات وطریقہ

6۔ نماز فجر سے پہلے یا نماز عصر کے بعد یا نماز عشاء کے بعد یہ ذکر کریں۔40 بار **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کہیں۔ ہر 9 مرتبہ لا الہ الا اللہ کہنے کے بعد **مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہ** پڑھیں۔پھر 80 مرتبہ اِلَّا اللّٰہ کہیں۔اس کے بعد 100 مرتبہ اَللّٰہ ھُوکہیں۔اول وآخر درود شریف پڑھیں۔

**ذکر کرنے کا طریقہ:۔** لاکہیں اوراپنے سرکوناف کی طرف جھکائیں پھر الہ کہیں اورسرکودائیں کندھے کی طرف لے جائیں پھر الا اللہ کہیں اورمنہ کودل کی طرف لے جائیں کہ دل پرضرب لگےاس طرح الا اللہ اور اللہ ھو کی ضربیں بھی دل پرلگائیں۔

7۔ تلاوت قرآن پاک کیلئے روزانہ ایک رکوع باترجمہ پڑھیں۔

8۔ پانچ وقت کی نماز باجماعت پڑھیں۔

9۔ کم کھائیں۔کم بولیں۔کم سوئیں۔گوشہ نشینی اختیار کریں اورنصاب طریقت کرعمل کریں۔

## جملہ دینی ودنیاوی امور میں کامیابی کیلئے

10۔ نماز فجر کی سنتیں ادا کرلینے کے بعد دوزانو بیٹھ کر 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف اول وآخر درود شریف کے ساتھ اس طرح پڑھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی آخری میم کوالحمد سے ملائیں۔اس طرح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِین۔اوردوسری آیت اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ہر مرتبہ تین بار پڑھیں۔اوراسی طرح ہرمرتبہ آمین بھی تین بار پڑھیں۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز بخشیں اوراپنی مخصوص دعایا حاجت مانگیں۔

**نوٹ** : ۔اس عمل کواپنی ساری زندگی کا وظیفہ ومعمول بنائیں۔

11۔ **تصور شیخ:**۔ ہروقت اپنے پیر(حضرت خواجہ خدایار پیرؒ) کا خیال اپنے دل میں جمائے رکھیں کہ آپ انہیں دیکھ رہے ہیں اگر یہ نہ ہوسکے تو یہ کریں کہ آپ کا پیرآپ کودیکھ رہا ہے۔یہ طریقہ اپنی ذات کی نفی کے لئے صوفیاءعظام نے نے بنایا ہے اسکے بعد تصور فنافی الرسول کرایا جاتا اورآخر میں فنافی اللہ اور بقاباللہ کا حصول اس تصور کے ذریعہ ہی ہوتا ہے جوکہ آخری اوراصلی مقصد ہے۔ جسکی ابتداء تصورشیخ ہےاس لئے اس کی ہمہ وقت مشق لازمی ہے۔

12۔ **دشمن یا مخالف وغیرہ پر غلبہ و فتح کیلئے:۔** ہر نماز کے بعد کام ہونے تک 71 ''**مرتبہ یا عزیزُ**'' اول و آخر درود شریف پڑھ کر مطلوبہ شخص کی طرف یا مطلوبہ سمت میں پھونک ماریں۔

13۔ ہر کام شروع کرنے سے پہلے یہ وظیفہ پڑھیں چند بار

اللہ جل جلالہٗ، محمد ﷺ، چار یارؓ حاجیؒ، خواجہؒ، قطبؒ، فریدؒ

نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِيۡبٌ مدد کن یا خواجہ محمد خدا یار پیرؒ معاف کرو تقصیر

14۔ روزانہ 121 مرتبہ یہ وظیفہ پڑھیں

بہر کار مشکل مراد دستگیر مدد کن یا خواجہ خدا یار پیرؒ معاف کرو تقصیر

15۔ **برائے عشق و محبت۔** اول و آخر درود شریف کے ساتھ 7 مرتبہ یہ آیت پڑھیں **يُحِبُّونَهُم كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ** اور مطلوبہ شخص یا سمت میں پھونک ماریں۔

16۔ **ہر مشکل کا حل:۔** جتنی بھی بڑی مشکل و مصیبت آن پڑے تو 7 قدم خانپور شریف قاضی کی دربار شریف کی سمت میں چلیں اور حضرت خواجہ پیر خدا یارؒ کو یاد کریں اپنا مسئلہ پیش کریں اور مدد کے لئے بلائیں انشاء اللہ جلد مسئلہ حل ہو جائیگا۔ مسئلہ حل ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں۔

## 17۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ فخریہ مہارویہ جمالیہ اسعدیہ

1۔ سیدنا حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبٰے ﷺ

2۔ سیدنا حضرت امیر المومنین مولا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ

3۔ سیدنا حضرت خواجہ امام حسن بصری رحمتہ اللہ علیہ

4۔ سیدنا حضرت خواجہ عبدالواحد ابن زید رحمتہ اللہ علیہ

5۔ سیدنا حضرت خواجہ حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رحمتہ اللہ علیہ

6۔ سیدنا حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم رحمتہ اللہ علیہ

7۔ سیدنا حضرت خواجہ سدید الدین حذیفہ مرعشی رحمتہ اللہ علیہ

8۔ سیدنا حضرت خواجہ امین الدین ابی ھبیرہ بصری رحمتہ اللہ علیہ

9۔ سیدنا حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری رحمتہ اللہ علیہ

10۔ سیدنا حضرت خواجہ ابواسحاق شامی چشتی رحمتہ اللہ علیہ

11۔ سیدنا حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتی رحمتہ اللہ علیہ

12۔ سیدنا حضرت خواجہ ابو محمد چشتی رحمتہ اللہ علیہ

13۔ سیدنا حضرت خواجہ ناصر الدین ابو یوسف چشتی رحمتہ اللہ علیہ

14۔ سیدنا حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رحمتہ اللہ علیہ

15۔ سیدنا حضرت خواجہ حاجی شریف الدین زندنی رحمتہ اللہ علیہ

16۔ سیدنا حضرت خواجہ عثمان ھارونی رحمتہ اللہ علیہ

17۔ سیدنا حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمتہ اللہ علیہ

18۔ سیدنا حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی چشتی رحمتہ اللہ علیہ

19۔ سیدنا حضرت خواجہ بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ

20۔ سیدنا حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ

21۔ سیدنا حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ

22۔ سیدنا حضرت خواجہ علامہ شیخ کمال الدین رحمتہ اللہ علیہ

23۔ سیدنا حضرت خواجہ سراج الدین رحمتہ اللہ علیہ

24۔ سیدنا حضرت خواجہ علم الدین رحمتہ اللہ علیہ

25۔ سیدنا حضرت خواجہ محمود بعرف شیخ راجن رحمتہ اللہ علیہ

26۔ سیدنا حضرت خواجہ جمال الدین رحمتہ اللہ علیہ

27۔ سیدنا حضرت خواجہ شیخ حسن محمد رحمتہ اللہ علیہ

28۔ سیدنا حضرت خواجہ شیخ محمد رحمتہ اللہ علیہ

29۔ سیدنا حضرت خواجہ شیخ یحیٰی مدنی رحمتہ اللہ علیہ

30۔ سیدنا حضرت خواجہ شاہ کلیم اللہ جہان آبادی رحمتہ اللہ علیہ

31۔سیدنا حضرت خواجہ نظام الدین اورنگ آبادی رحمتہ اللہ علیہ

32۔سیدنا حضرت خواجہ مولانا محمد فخر الدین جہاں دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

33۔سیدنا حضرت خواجہ قبلہء عالم نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ

34۔سیدنا حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رحمۃ اللہ علیہ

35۔سیدنا حضرت خواجہ محمد خدا بخش خیر پوری رحمۃ اللہ علیہ

36۔سیدنا حضرت خواجہ قاضی محمد عیسیٰ خانپور رحمۃ اللہ علیہ

37۔سیدنا حضرت خواجہ پیر محمد خدا یار رحمۃ اللہ علیہ

38۔سیدنا حضرت خواجہ محمد سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ

39۔سیدنا حضرت خواجہ محمد اسعد رحمۃ اللہ علیہ

40۔سیدنا حضرت خواجہ احمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

41۔سیدنا حضرت خواجہ پیر محمد حضور بخش سرکار رحمۃ اللہ علیہ

42۔سیدنا حضرت خواجہ پیر حافظ محمد نظام بخش رحمۃ اللہ علیہ

43۔سیدنا حضرت خواجہ نور محمد پیر رحمۃ اللہ علیہ

44۔سیدنا حضرت خواجہ پیر قاضی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ

45۔فقیر قاضی محمد ناصر چشتی نظامی (مصنف کتاب اسرار معرفت ونصاب طریقت)

یہ سلسلہ روزانہ پڑھنا ہے کسی بھی وقت اور یاد بھی کرنا ہے۔

**ختم شریف بخشنے کا طریقہ**:- ختم شریف پڑھنے کے بعد یوں کہیں۔حاضر کلام اور حاضر طعام کی نیاز بخشی (حضور ﷺ کے نام سے لیکر آخر سلسلہ تک نام پڑھیں) خاص طور پر اب جس کے لئے ختم پڑھا ہو اس کا نام لیں اور اسے بخشیں پھر دعا کریں۔

کمپیوٹر کمپوزنگ: ذوالفقار علی انٹرنیٹ تعاون: محمد ایوب چشتی نظامی مہاروی کریمی